© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

۱۰؍دسمبر (ٹوبہ ٹیک سنگھ) بعد نمازِ مغرب بمقام جامع مسجد معاویہ' شہداء اسلام کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ فلسفۂ شہادت وعظمتِ شہادت پر علماء کرام نے مفصل خطاب کیا جبکہ مہمانِ خصوصی نواسۂ امیر شریعت، نائب امیر مجلس احرار اسلام پاکستان جناب سید محمد کفیل بخاری نے نواسۂ رسول ﷺ، جگر گوشۂ بتول سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی مظلومانہ شہادت پر مفصل خطاب فرمایا۔ آپ نے کہا کہ حادثۂ کربلا دراصل منافقین اور سبائی ٹولہ کی مشترکہ سازش کا نتیجہ تھا۔ نواسۂ رسول سیدنا حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے رفقاء نے بے مثال شجاعت اور غیرت وحمیّت کا مظاہرہ کر کے تاریخ میں شان دار باب رقم کیا۔

کانفرنس میں شہر بھر اور گردونواح سے کثیر تعداد میں علماء وسامعین کرام نے شرکت کی۔ کانفرنس میں مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ کے جنرل سیکرٹری مولانا حافظ محکم الدین بھی موجود تھے جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری عبیدالرحمٰن عابد نے سرانجام دیئے۔ دعا کے بعد کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔

☆☆☆

۲۳؍دسمبر (ٹوبہ ٹیک سنگھ) بعد نماز جمعہ جامع مسجد معاویہ میں حافظ محمد اسماعیل (امیر مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ) کی صدارت میں جملہ ارکان مجلس احرار اسلام کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں جناب حاجی عبداللطیف خالد چیمہ صاحب ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان کی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت وترقی درجات اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۶؍جنوری) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنوینر اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے انسانی حقوق کے نام پر کام کرنے والی تنظیموں ہیومن رائٹس واچ اور ایمنسٹی انٹرنیشنل کی جانب سے پاکستان میں قانون توہین رسالت کوختم کروانے کی مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے بنیادی انسانی حقوق کے منافی اور پاکستان کے اندرونی اور مذہبی معاملات میں جارحانہ مداخلت قرار دیا ہے عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر انسانی حقوق کے حوالے سے کام کرنے والی مذکورہ تنظیموں کا اس حوالے سے کردار ہمیشہ یک طرفہ منفی اور عالم کفر کے زیر اثر رہا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے جیسے وہ محسن انسانیت پر تنقید، انبیائے کرامؑ اور آسمانی تعلیمات کی تنقیص کو ہی انسانیت کی خدمت سمجھے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ یہود ونصاریٰ اور امریکی سرپرستی میں چلنے یا ان کے وسائل سے پلنے والی تنظیمیں مسلم کشی اور اسلام کی نظریاتی شناخت ختم کرنے کیلئے دن رات ایک کیے ہوئے ہیں لیکن وہ وقت قریب ہے جب اسلام کی نشاۃ ثانیہ کو روکنا ناممکن ہو جائیگا انہوں نے کہا کہ اسلام امن کا مذہب ہے اور اسلامی تعلیمات سے ہی دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی ہے علاوہ ازیں ہیومن رائٹس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فاؤنڈیشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل سطح پر بعض تنظیمیں بظاہر تو خوش کن نعروں کے ساتھ انسانیت کی بات کرتی ہیں لیکن بادی النظر سے دیکھا جائے تو ان کا ایجنڈا مخصوص مفادات کا علمبردار ہے اور فریب دینے کیلئے ان کے پاس وسائل کی کوئی کمی نہیں۔ فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ سابق گورنر پنجاب سلمان تاثیر اپنے قتل کے خود ذمہ دار تھے آسیہ مسیح کیس کو غلط طور پر ایکسپلائٹ کیا گیا انہوں نے کہا کہ ممتاز قادری کا اقدام دینی، قانونی، آئینی اور معاشرتی لحاظ سے درست تھا ممتاز قادری کی سزا کو ختم کر کے فوراً رہا کیا جائے کہ اس نے محسن انسانیت ﷺ کے منصب رسالت کے تحفظ کے لیے جان کی قربانی دی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۱۰ر جنوری) تحریک طلباء اسلام کے زیر اہتمام مفکرِ احرار چودھری افضل حق مرحوم کے ۷۰ ویں یومِ وفات پر دفترِ احرار چیچہ وطنی میں ایک نشست منعقد ہوئی۔ نشست سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود نے کہا کہ چودھری افضل حق ایک صاحبِ طرز ادیب، مفکر، مدبر اور بہترین سیاست دان تھے۔ انہوں نے کہا کہ چودھری افضل حق نے مجلس احرار کے پلیٹ فارم سے انگریز کے خلاف آزادی کی تحریک میں بہت اہم کردار ادا کیا اور جیل کی صعوبتیں برداشت کیں اسی لئے انہیں احرار کا دماغ کہا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ چودھری افضل حق کو ادبی حلقوں اور احراری حلقوں میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ نشست سے تحریک طلباء اسلام کے رہنما محمد قاسم چیمہ نے چودھری افضل حق کے اردو ادب کے حوالے سے خدمات اور خصوصاً سیاسی بصیرت پر روشنی ڈالی، انہوں نے کہا کہ چودھری افضل حق استعمار دشمنی کی علامت تصور ہوتے تھے ان کی تصنیفات آج بھی زندہ و تابندہ ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ زندہ رہیں گی، انہوں نے کہا کہ چودھری افضل حق کی یاد منانے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ ان کے افکار اور نظریات کو عام کیا جائے اور سرمایہ پرستانہ نظام کی بیخ کنی کے لیے نسل نو کو تیار کیا جائے۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۲ر جنوری) فدائے احرار رضوان الدین صدیقی نے ساری عمر تحفظ ختم نبوت اور مدحِ صحابہ میں گزاری مخالفتوں کے طوفان بھی کھڑے ہوئے مگر انہوں نے پرچم احرار کو بلند کیے رکھا ان خیالات کا اظہار مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے مقامی جماعت کے تعزیتی و تنظیمی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ امیر احرار چیچہ وطنی رضوان الدین صدیقی نے حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور ابنائے امیر شریعت کے ساتھ دینی و روحانی نسبت کو زندگی پر قائم و دائم رکھا اور کوئی خوف اور لالچ ان کو جماعت کے دامن سے الگ نہ کر سکا۔ اجلاس میں رضوان الدین احمد صدیقی مرحوم کے علاوہ عبداللطیف خالد چیمہ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا اور اجتماعی دعائے مغفرت کرائی گئی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر مقامی نائب امیر مولانا محمد صفدر عباس کو جماعت کا امیر مقرر کر دیا گیا۔

☆☆☆

فیصل آباد (۲۰ر جنوری ۲۰۱۱ء) تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ حاجی نمازی حکمرانوں نے 1953ء میں شہداءِ ختم نبوت کے مقدس خون سے ہاتھ رنگے ہم اُن قاتلوں کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہیں بھولے وہ جامع مسجد رحمت دو عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) شاداب کالونی اور جامع مسجد عمر فاطمہ لیاقت ٹاؤن فیصل آباد میں ’’تحفظ ختم نبوت اور عصر حاضر‘‘ کے موضوع پر منعقدہ اجتماعات سے خطاب کر رہے تھے، انھوں نے کہا کہ قادیانیوں کو بھٹو مرحوم کے دورِ اقتدار میں پارلیمنٹ میں غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا، بھٹو اِس خطرناک فتنے کی تباہ کاریوں کو بھانپ گئے تھے بھٹو مرحوم نے اڈیالہ جیل میں اپنی زندگی کے آخری ایامِ اسیری کے دوران ڈیوٹی افیسر کرنل رفیع الدین سے کہا تھا کہ ’’قادیانی پاکستان میں وہی مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے‘‘ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ قادیانی وطن عزیز کی سلامتی کے ازلی دشمن ہیں اکھنڈ بھارت اُن کا مذہبی عقیدہ ہے اِس کے باوجود بعض سیاسی جماعتوں نے قادیانیوں کو پناہ دی ہوئی ہے، میمو اسکینڈل قادیانی منصور اعجاز کی خطرناک سازش کا شاخسانہ ہے، ایوانِ صدر کو منصور اعجاز پر اعتماد کرتے ہوئے یاد رکھنا چاہیے تھا کہ مرزائی پیپلز پارٹی کے بانی کے ہاتھوں ہی تو غیر مسلم اقلیت قرار پائے تھے!... انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنے کفر کو اسلام کا نام دے کر دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں اور مسلمانوں کے حقوق پر شب خون مار رہے ہیں، اسرائیل کے مفادات کے کارندوں، قادیانیوں کو بے نقاب کرنا صرف دینی جماعتوں کی نہیں محبّ وطن سیاسی قیادت کی بھی ذمہ داری ہے ورنہ سیاستدانوں کی اپنی حب الوطنی مشکوک ہو جائے گی، عبداللطیف خالد چیمہ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے (سابق) مرکزی نائب امیر صوفی غلام رسول نیازی کے بھائی غلام محمد نیازی کے انتقال پر تعزیت کے لئے ان کے گھر گئے اور احرار کارکن محمد محمود کی ضیافت میں بھی شرکت کی۔ بعد ازاں انہوں نے بزرگ عالم دین مولانا مجاہد الحسینی سے بھی ملاقات کی اور تحریک ختم نبوت کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا اس موقع پر اشرف علی احرار، محمد محمود، محمد ارشد چوہان اور دیگر حضرات بھی موجود تھے۔

☆☆☆

چناب نگر (۲۱؍جنوری) ۱۲؍ربیع الاوّل ۱۴۳۳ھ مطابق ۵؍فروری بروز اتوار چناب نگر میں منعقد ہونے والی سالانہ ’’احرار ختمِ نبوت کانفرنس‘‘ کے انتظامات کے لیے انتظامی کمیٹی کے نگرانوں، کمیٹی کے بعض ارکان اور مرکزی رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس جامع مسجد احرار چناب نگر میں حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مرکزی نائب امیر پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، میاں محمد اویس، مولانا محمد مغیرہ، مولانا تنویر الحسن نکوی، محمد ارشد چوہان، مولانا محمد اکمل، مولانا فیصل متین، قاری اصغر عثمانی سمیت دیگر حضرات نے شرکت کی اور کانفرنس وجلوس کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی بعد ازاں عبداللطیف خالد چیمہ کی نگرانی میں مولانا تنویر الحسن اور محمد ارشد چوہان نے چیچہ وطنی دفتر میں دو روزہ کانفرنس بارے پیپر ورک مکمل کیا، مولانا تنویر الحسن ۲۳؍جنوری کو ضروری امور کے لیے لاہور دفتر تشریف لے گئے۔ میاں محمد اویس اور قاری محمد یوسف احرار کی مشاورت سے کانفرنس کے مزید اشتہارات اور دیگر میٹریل تیار کروایا جبکہ ۲۶؍جنوری جمعرات کو جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے لاہور کا سفر کیا اور جامعہ مدنیہ جدید میں حضرت مولانا مفتی محمد حسن مدظلہ العالی سے ملاقات کی اور کانفرنس میں شرکت کے لیے متعدد افراد کو دعوت دی۔

☆☆☆

چیچہ وطنی (۲۷؍جنوری) سیاستدان پاکستان میں انقلاب کا نعرہ لگاتے ہوئے تشبیہات دینے سے پہلے لفظوں پر غور کر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیا کریں پاکستان تو پہلے ہی سیاستدانوں اور حکمرانوں نے بربادی کے دھانے پر پہنچا رکھا ہے۔ اب اگر کسی سونامی کے نام پر قیام ملک کے اصل مقصد اسلامی نظام کی عملی جدوجہد کے خلاف کوئی سازش ہوئی تو جمعیت علماء اسلام اس کو بے نقاب بھی کرے گی اور اسلامی انقلاب کے راستے کی رکاوٹوں کا ڈٹ کر مقابلہ بھی کرے گی، ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام پاکستان کے نائب امیر مرکزی مولانا بشیر احمد شاد اور مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالرؤف فاروقی نے مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور حافظ حکیم حبیب اللہ چیمہ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر تعزیت کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ زرداری حکومت نے جو کچھ عوام پر پریشانیوں اور تکالیف کے بم گرائے ہیں اس سے قوم میں جو افراتفری کا عالم ہے وہ ناقابل برداشت ہے اور اپوزیشن کا کردار ادا کرنے والے سیاستدان بھی بجائے عوام کی تکالیف کا مداوا کرنے کے حکمرانوں کو مزید تقویت دینے کی پالیسی پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی گاڑیوں کے مسافر اب اِن گاڑیوں سے اترنا شروع ہوگئے ہیں۔ لیکن اِن اُترنے والے سیاسی مسافروں کو یہ دیکھنا چاہیے کہ کہیں نئی گاڑیوں کے پاس بھی امریکی اتھارٹی کا رُوٹ پرمٹ تو نہیں ہے؟... اِن رہنماؤں نے ملک میں بڑھتی ہوئی قادیانی ریشہ دوانیوں اور میمو اسکینڈل میں قادیانی کردار کے حوالے سے کہا کہ قادیانی قیام ملک کے بعد سے آج تک وطنِ عزیز کے خلاف خطرناک سازشوں اور ریشہ دوانیوں میں مصروف ہیں، سیاسی جماعتوں کو اپنی صفوں سے قادیانیوں اور قادیانی نواز عناصر کو نکال باہر کرنا چاہیے، اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا محمد شفیع قاسمی، میاں عطاء اللہ اور دیگر حضرات بھی موجود تھے۔

☆☆☆

لاہور (۲۸/جنوری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور میاں محمد اویس نے جمعیت علماء پاکستان کے سابق صدر ممتاز عالمِ دین مولانا شاہ فرید الحق کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلیل القدر خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ مرحوم بلند پایہ اور معتدل مزاج عالم دین، مصنف تھے مرحوم نے تحریکِ ختمِ نبوت کے سلسلہ میں قادیانیوں کے خلاف پارلیمنٹ کے فلور پر آئینی جنگ میں بھرپور کردار ادا کیا اور عالمی سطح پر اپنا منفرد کردار ادا کرتے رہے۔

لاہور (۲۸/جنوری) متحدہ تحریکِ ختمِ نبوت پاکستان کی رابطہ کمیٹی کے کنوینیئر اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت اِس امر کی وضاحت کرے کہ قادیان (ہندوستان) میں قادیانیوں کے سالانہ اجتماع کے سلسلہ میں کتنی تعداد میں ویزے جاری کیے گئے، خالد چیمہ نے الزام عائد کیا کہ قادیانی اکھنڈ بھارت کا مذہبی عقیدہ رکھتے ہیں اور حکومت اور اعلیٰ عہدوں پر موجود قادیانی افسران قادیانیوں کو ترجیحی بنیادوں پر ویزے جاری کرتے ہیں علاوہ ازیں لدھیانہ (انڈیا) سے آمدہ اطلاعات کے مطابق مجلس احرارِ اسلام ہند نے آجکل قادیانیوں کے خلاف مہم شروع کر رکھی ہے تاکہ قادیانی اسلام اور مسلمانوں کے لبادے میں سادہ لوح افراد کو گمراہ نہ کریں۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com